ملک کو محفوظ اور خوشحال بنانے پر زور دیا جائیگا

مسلح افواج کی جدید کاری اور ریٹائرڈ فوجیوں کی بہبود پر ہماری بنیادی توجہ ہوگی: راجناتھ

نئی دہلی، 13/جون (یو این آئی) وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے جمعرات کو کہا کہ آئندہ پانچ برسوں کے دوران ملک کو زیادہ محفوظ، خود انحصار اور خوشحال بنانے پر توجہ دی جائے گی۔ مسلسل دوسری بار وزیر دفاع کا عہدہ سنبھالنے کے بعد مسٹر سنگھ نے کہا کہ اگلے پانچ برسوں کے دوران ایک زیادہ محفوظ، خودکفیل اور خوشحال ملک کے قیام کے لیے نئے ترجیحی شعبوں کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں ہم دفاعی مینوفیکچرنگ میں خود انحصاری حاصل کرنے پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے ملک کے سیکورٹی اپریٹس کو مزید مضبوط بنانے کا مقصد رکھیں گے۔ مسلح افواج کی جدید کاری، موجودہ سروس اور ریٹائرڈ فوجیوں کی فلاح و بہبود پر ہماری بنیادی توجہ ہوگی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ان کا مقصد آنے والے وقت میں دفاعی برآمدات کو بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مالی سال 2023-24 میں دفاعی برآمدات 21,083 کروڑ روپے تک پہنچ گئی تھیں۔ یہ تاریخی تھا۔ ہم 2028-2029 تک 50,000 کروڑ روپے سے زیادہ کے دفاعی ساز وسامان برآمد کرنے کا ہدف رکھیں گے۔ مسٹر سنگھ نے زور دے کر کہا کہ مسلح افواج کو جدید ترین ہتھیاروں اور پلیٹ فارم سے لیس کیا جا رہا ہے اور وہ ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے بہادری اور عزم کے ساتھ قوم کے اتحاد، سالمیت اور خودمختاری کی حفاظت کرنے پر فوجی جوانوں کی خدمات کو سراہا۔ چارج سنبھالنے کے فوراً بعد وزیر دفاع نے وزیراعظم کی زیر قیادت نئی حکومت کے تحت وزارت دفاع کے پہلے 100 دنوں کے ایکشن پلان پر ایک جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں سابق فوجیوں کی فلاح و بہبود پر توجہ مرکوز کی گئی، جس میں سابق فوجیوں کی بہبود کے محکمے سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔



انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ 100 روزہ ایکشن پلان میں طے شدہ ایجنڈے کی تکمیل کے لیے خود کو دوبارہ وقف کریں۔ دفاعی تیاریوں کو بڑھانے اور دفاع میں خود انحصاری پر مسلسل زور دینے کے مقصد سے وزیر دفاع نے کہا کہ وہ وزارت دفاع کی بڑی اسکیموں اور اقدامات کی پیشرفت کو تیز کرنے کے لیے باقاعدگی سے جائزہ اجلاس منعقد کریں گے۔ بحر ہند کے خطے کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر زور دیتے ہوئے وزیر دفاع نے اس دور میں اپنا پہلا دورہ مشرقی بحریہ کمان، وشاکھاپٹنم کا کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے دوران وہ افسروں اور ملاحوں سے بات چیت کریں گے۔

کشمیر کے اسکولوں میں قومی ترانے پڑھانے کی ہدایت

سری نگر۔ 13 جون (یو این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں معیاری پروٹوکول کے مطابق مارننگ اسمبلیاں قومی ترانے سے شروع ہو جانی چاہیے۔ پرنسپل سکریٹری آلوک کمار کی جانب سے جاری کئے گئے سرکیولر کے مطابق جموں وکشمیر کے تمام اسکولوں میں مارننگ اسمبلیاں قومی ترانے سے شروع ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ طلبا کے درمیان اتحاد اور نظم وضبط کے لئے اسکولوں میں دن کا آغاز قومی ترانے سے شروع ہونا چاہئے

زرعی پیداواری لاگت کم کرنے توجہ دیں گے: چوہان

نئی دہلی۔ 13 جون (یو این آئی) زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے پیداوار اور کسانوں کی آمدنی میں اضافہ کرنے اور پیداواری لاگت کم کرنے والی تحقیق پر خصوصی توجہ دینے کو کہا ہے۔ جمعرات کو چوہان نے زرعی تحقیق اور تعلیم کے محکمے اور زراعت وکسانوں کی بہبود کی وزارت کے سینئر عہدیداران کے ساتھ زرعی تحقیقی اسکیم کے بارے میں تفصیل سے تبادلہ خیال کیا۔ مرکزی وزیر نے کسانوں کی پیداوار اور آمدنی بڑھانے اور پیداواری لاگت کو کم کرنے والی تحقیق پر توجہ دینے کی ہدایات دیں۔ انہوں نے کہا کہ کاشتکاروں کے مختلف طبقوں میں فصلوں کے بیجوں کی بائیوفورٹیفائیڈ اقسام کو فروغ دینے کے لیے کوششیں کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام شعبوں میں فصلوں کی پیداواری صلاحیت کو متوازن کرنے کی کوشش کی جائے۔ اس موقع پر زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزرائے مملکت رام ناتھ ٹھاکر اور بھاگیرتھ چودھری، زراعت کے سکریٹری منوج آہوجا اور محکمہ زرعی تحقیق اور تعلیم (ڈیری) کے سکریٹری اور انڈین کونسل آف ایگریکلچرل ریسرچ (آئی سی اے آر) کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر ہمانشو پاٹھک بھی موجود تھے۔ چوہان نے کہا کہ جھارکھنڈ میں سیراب اور غیرآبپاشی والے علاقوں میں پیداواری صلاحیت باقی حصوں کے مقابلے میں کم ہے۔ اس پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ پیداواری صلاحیت کو متوازن کرنے کے لیے مہم چلائی جانی چاہیے۔

نیٹ امتحان میں دھاندلی کی جانچ سی بی آئی کرے: کانگریس

نئی دہلی، 13/جون (یو این آئی) کانگریس نے کہا ہے کہ میڈیکل داخلہ امتحان این ای ای ٹی میں دھاندلی کے بارے میں حکومت کا رویہ ڈھیلا ہے اور اسے خود کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے، اس لیے اس معاملے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے اس کی جانچ سی بی آئی سے کرائی جائے۔ پارٹی کا کہنا ہے کہ یہ 24 لاکھ بچوں کے مستقبل سے جڑا معاملہ ہے اور اسے ہلکے میں نہیں لیا جاسکتا۔ نیشنل اگزامینیشن ایجنسی-این ٹی اے خود شک کے دائرے میں ہے، اس لیے اس سے غیر جانبدارانہ تحقیقات کی توقع نہیں کی جاسکتی، اس لیے سی بی آئی کو اس معاملے کی تحقیقات کرنی چاہیے اور اگر سی بی آئی آنے سے انکار کرتی ہے تو سپریم کورٹ کے جج کی نگرانی میں اس کی جانچ ہونی چاہیے۔ کانگریس کے رہنما گورو گوگوئی نے جمعرات کو یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ این ای ای ٹی کے نتائج میں دھاندلی کے الزامات حکومت کو اپنے رویے کا جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ سپریم کورٹ کی ساعت میں حکومت نے کہا کہ 1563 طلباء کے اسکور کارڈ منسوخ کر دیے جائیں گے اور انہیں 23 جون کو دوبارہ امتحان دینے کا اختیار دیا جائے گا۔ گریس مارکس ختم کرنے کے بعد جو نمبر رہ جائیں گے وہ 23 جون کو فائنل نمبرز تصور کیے جائیں گے۔ جو لوگ امتحان میں شریک ہوں گے، ان کے نتائج 30 جون کو آئیں گے اور کونسلنگ 6 جولائی سے شروع ہوگی۔ ترجمان نے کہا کہ ملک کے 24 لاکھ بچوں کے مستقبل کے ساتھ کھیلنے کے اس معاملے میں مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) سے جانچ ہونی چاہیے۔ آج وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان جی بحث سے بھاگ رہے ہیں۔ جس کی قیادت میں یہ سارا کھیلہ چل رہا ہے، آپ اسی ایجنسی کو اس معاملے کی تحقیقات کے لیے کہہ رہے ہیں، ایسے میں غیر جانبدارانہ تحقیقات کی توقع کیسے کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امتحانی مرکز اور کوچنگ سینٹر کے درمیان ایک گٹھ جوڑ قائم ہوگیا ہے جس نے آج ہمارے متوسط غریب طبقے کو غیر مستحکم کر دیا ہے۔ این ٹی اے ’پیسے دے کر پیپر لے لو‘ جیسے گٹھ جوڑ کی تحقیقات کیسے کر سکے گی۔ اگر امتحان-کوچنگ سینٹر کہیں سے شروع ہوا ہے تو اس میں این ٹی اے کا کوئی اہلکار ضرور ملوث ہے۔

سیلاب اور لینڈ سلائڈنگ سے شمالی سکم میں پھر تباہی کا منظر، ایک لاش برآمد

گنگ ٹاک، 13/جون (ایجنسیز) شمالی سکم میں ایک بار پھر سیلاب نے تباہی کا منظر پیدا کر دیا ہے۔ لینڈ سلائڈنگ کی وجہ سے بھی حالات بدتر ہوگئے ہیں۔ بدھ کی صبح سے جاری بارش کے سبب بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب تشویشناک حالات پیدا ہوگئے۔ سڑک ٹوٹنے کی وجہ سے کئی سیاح پھنس گئے اور تیستا ندی میں آبی سطح بڑھنے سے اس کے قریب موجود گھر تاش کے پتوں کی طرح منہدم ہو گئے۔ اس درمیان سکم کے وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے ضلع انتظامیہ کو فوراً راحت و بچاؤ کے سبھی انتظامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔ پولیس کے مطابق امبی تھانگ (رنگرنگ کے پاس) تین لوگ لاپتہ ہوگئے ہیں۔ پکشیپ (منگن کے پاس) میں بھی دو لوگ لاپتہ ہوئے ہیں، جبکہ ایک لاش برآمد کی گئی ہے۔ گیتھانگ (جنگو) سے 3 گھروں کے ٹوٹنے کی اطلاع موصول ہو رہی ہے۔ نامتھانگ (پینٹوک، منگن کے پاس) میں بھی کئی گھر متاثر ہوئے ہیں اور سڑکیں رخنہ انداز ہوگئی ہیں۔ اس مشکل وقت میں سنکلانگ واقع پل کی بنیاد بھی متاثر ہوئی ہے اور شمال میں تو موبائل نیٹورک بھی کام نہیں کر رہا۔ ڈی آئی جی، اے پی سے ایک پلاٹون ایس اے پی-ایس ڈی آر ایف ٹیم کو جلد از جلد منگن لے جانے کی گزارش کی گئی ہے۔ ذرائع سے موصول خبروں کے مطابق سکم اور بنگال کے پہاڑی اضلاع بارش سے غرقاب ہو گئے ہیں۔ کلمپونگ تیستا بازار سیلاب میں ڈوب چکا ہے۔ یکے بعد دیگرے کئی گھر تاش کے پتوں کی طرح بہہ گئے ہیں۔ سکم میں موسلا دھار بارش کے سبب تیستا کا پانی خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہا ہے۔ کلمپونگ کے پہاڑی علاقے ہوں یا میدانی علاقے کا تیستا بیراج علاقہ، کئی شہر متاثر ہوئے ہیں۔ زوردار بارش سے تباہی کی جانکاری ملنے کے بعد وزیراعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے کہا کہ ”کل سے لگاتار ہو رہی بارش کے بعد منگن کے آس پاس واقع علاقوں اور شمالی سکم کے مختلف مقامات پر ہوئی تباہناک لینڈ سلائڈنگ کے بارے میں جان کر مجھے گہرا صدمہ ہوا۔ اس تباہناک حادثہ کے نتیجہ میں لوگوں کو بہت نقصان ہوا، گھر بہہ گئے اور کئی کنبوں کو نقل مکانی کرنی پڑی۔ حکومت اس افسوسناک حادثہ کے متاثرین کے ساتھ مضبوطی سے کھڑی ہے۔“ انہوں نے مزید کہا کہ فوری اور وسیع پیش رفت کے لیے شمالی ضلع انتظامیہ، پولیس محکمہ اور دیگر متعلقہ محکموں سے رابطہ کیا ہے۔

سونے اور چاندی کی قیمتوں میں کسی قدر کمی

نئی دہلی۔ 13 جون (پی ٹی آئی) ہندوستانی صرافہ بازاروں میں چہارشنبہ کو زبردست اضافہ کے بعد جمعرات کو سونے اور چاندی کی قیمت میں بالترتیب 50 روپے اور 500 روپے کی کمی آئی۔ ایچ ڈی ایف سی کے بموجب دارالحکومت دہلی میں 24 قیراط کا 10 گرام سونا 72,150 روپے میں اور ایک کیلو چاندی 90,950 روپے میں فروخت ہوئی۔ عالمی صرافہ بازاروں میں جمعرات کو ایک اونس سونا 2,313 ڈالر میں اور ایک اونس چاندی 29.30 ڈالر میں فروخت ہوئی۔

ہماچل پردیش میں انٹلی جنس بیورو کے عہدیدار کا قتل

چمبا۔ 13 جون (ایجنسیز) ہماچل پردیش کے چمبا ضلع کے سلونی سب ڈویژن کے کیہار میں انٹلی جنس بیورو (آئی بی) کے ایک عہدیدار کا قتل کر دیا گیا ہے۔ پولیس نے اس معاملے میں ایک مشتبہ ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔ پولیس نے مرنے والے کی شناخت ارون کمار ولد پربھو دیال کے طور پر کی ہے، جو گاؤں گروڈ، تحصیل جوگندر نگر ضلع منڈی کے رہنے والے ہیں، جو کہ کیہار میں جونیئر انٹلی جنس آفیسر کے طور پر تعینات تھے۔ ارون کی لاش تھانے سے 60 میٹر دور برآمد ہوئی تھی۔ پولیس نے اس معاملے میں ایک شخص کو گرفتار کر کے قتل کا مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ملزم کی شناخت راج کمار ولد جگدیش ساکن گاؤں گنیترا پوسٹ آفس کیہار تحصیل سلونی ضلع چمبا کے طور پر کی گئی ہے۔

مایوس کن انتخابی کارکردگی کے بعد اجیت پوار کو مسلمان یاد آئے

تعلیم میں ریزرویشن کی سفارش کرنے کا اعلان۔ ووٹ حاصل کرنے این سی پی کا نیا اقدام!

ممبئی (ایجنسیاں) لوک سبھا انتخابات میں مایوس کن کارکردگی کے بعد اجیت پوار کی قیادت والی این سی پی نے مہاراشٹر میں مسلمانوں کے لیے تعلیم میں ریزرویشن کی سفارش کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس سال ستمبر۔ اکتوبر میں ہونے والے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں مسلمانوں تک اپنی رسائی بڑھانے اور ان کے ووٹ حاصل کرنے کے لیے اسے این سی پی کا نیا اقدام سمجھا جا رہا ہے۔ حال ہی میں ختم ہونے والے لوک سبھا انتخابات میں این سی پی نے 4 میں سے صرف ایک سیٹ جیتی ہے۔ مہایوتی حکومت میں شراکت دار این سی پی انتخابی جھٹکے کے بعد بی جے پی اور شیوسینا کے ساتھ مسلم کمیونٹی کو تعلیم میں کوٹہ دینے پر بات چیت کرنے کا منصوبہ بنا رہی ہے، جس نے دلتوں اور قبائلیوں کے ساتھ مل کر مہایوتی کے خلاف ووٹ دیا تھا۔ انہیں خدشہ تھا کہ اگر بی جے پی نے 400 سیٹوں کا ہندسہ عبور کرنے اور مرکز میں حکومت بنانے کے بعد آئین میں تبدیلی کی تو ان کا وجود خطرے میں پڑ جائے گا۔ مہاراشٹر این سی پی کے چیف ترجمان امیش پاٹل نے کہا کہ ”ہم اپنے موقف پر قائم ہیں کہ مسلم کمیونٹی کو ریاست میں تعلیم میں ریزرویشن ملنا چاہیے۔ بامبے ہائی کورٹ نے کانگریس-این سی پی حکومت کے 5 فیصد تعلیمی ریزرویشن دینے کے فیصلے کو قبول کر لیا ہے۔ تاہم، یہ معاملہ سرد خانہ میں چلا گیا۔“ رائے گڑھ کے نو منتخب رکن پارلیمنٹ سنیل تٹکرے نے کہا کہ ’ہم نے میٹنگ کے دوران ان کی بات سنی ہے، ابھی اس معاملہ پر ایک اجلاس اور منعقد کیا جائے گا۔ اس کے بعد ہی ہم کسی نتیجے پر پہنچ سکیں گے۔‘ این سی پی کا یہ اقدام اس لیے بھی اہم ہے کیونکہ گزشتہ ہفتے پارٹی ایم ایل اے نے اجیت پوار کے ساتھ میٹنگ میں کہا تھا کہ پارٹی کو عثمان آباد، بارامتی اور شرور میں زبردست شکست کا سامنا کرنا پڑا ہے، وہاں کے تمام مسلم ووٹروں نے مہا وکاس اگھاڑی کے امیدواروں کے حق میں ووٹ دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئین میں تبدیلی کے بعد ریزرویشن ختم ہونے کے خوف سے مسلمانوں، دلتوں اور قبائلیوں نے مہایوتی امیدواروں کے خلاف ووٹ دیا۔

جموں وکشمیر کے اسکولوں میں ’جن گن من‘ کا حکم

سری نگر (ایجنسیز) محکمہ اسکول ایجوکیشن نے کہا ہے کہ تعلیمی اداروں میں معیاری پروٹوکول کے مطابق مارننگ اسمبلیاں قومی ترانے سے شروع ہو جانی چاہیے۔ پرنسپل سکریٹری آلوک کمار کی جانب سے جاری کئے گئے سرکیولر کے مطابق جموں وکشمیر کے تمام اسکولوں میں مارننگ اسمبلیاں قومی ترانے سے شروع ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ طلبا کے درمیان اتحاد اور نظم وضبط کے لئے اسکولوں میں دن کا آغاز قومی ترانے سے شروع ہونا چاہئے۔ سرکولر کے مطابق صبح کی اسمبلیاں اخلاقی سالمیت، اور ذہنی سکون کو پروان چڑھانے میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ حکم نامے میں مزید کہا گیا ہے کہ صبح کی اسمبلی کا دورانیہ 20 منٹ ہوگا اور تمام طلبا اور اساتذہ اسکول کے شیڈول کے آغاز پر مقررہ جگہ پر جمع ہوں گے۔

ممبئی میں آئس کریم کے اندر سے کٹی ہوئی انسانی انگلی برآمد

ممبئی (ایجنسیز) کھانوں کے اندر سے چھپکلی، کاکروچ اور کیڑے مکوڑوں کے ملنے کی خبریں تو وقتاً فوقتاً آتی رہتی ہیں مگر اب انسانی اعضا کے ملنے کی بھی خبر آگئی ہے۔ یہ خبر ممبئی سے ہے جہاں ایک خاتون نے دعویٰ کیا ہے کہ آئس کریم کے اندر سے کٹی ہوئی انسانی انگلی نکلی ہے۔ اس خاتون کا کہنا ہے کہ اس نے آن لائن آئس کریم آرڈر کی تھی۔ خاتون نے اس کی تصویر شیئر کرتے ہوئے پولیس میں شکایت درج کرائی۔ یہ واقعہ ممبئی کے ملاڈ علاقے کا ہے۔ ابتدائی تفتیش کے بعد پولیس نے اسے انسانی عضو قرار دیتے ہوئے فارنسک سائنس لیبارٹری (ایف ایس ایل) کو مزید جانچ کے لیے بھیج دیا ہے۔ خاتون نے دعویٰ کیا کہ اس نے آدھی سے زیادہ آئس کریم کھالی تھی لیکن جیسے ہی اسے احساس ہوا کہ کچھ گڑبڑ ہے تو اس نے غور سے دیکھا اور اسے آئس کریم میں ایک کٹی ہوئی انسانی انگلی نظر آئی، جس کے بعد وہ خاتون ملاڈ پولیس اسٹیشن پہنچی۔ ملاڈ پولیس نے آئس کریم کمپنی کے خلاف معاملہ درج کرتے ہوئے اس کے اندر سے ملے انسانی عضو کو ایف ایس ایل میں بھیج دیا ہے۔ اس خاتون کا نام اورلیم برینڈن سیراؤ (27) ہے اور پیشے سے ایم بی بی ایس ڈاکٹر ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ بدھ کے روز ایک آن لائن ڈیلیوری ایپ کے ذریعے انہوں نے آئس کریم کون کا آرڈر دیا۔ میں آئس کریم کھانے لگی تو مجھے کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا۔ خاتون نے بتایا کہ آئس کریم کے اندر تقریباً 2 سینٹی میٹر لمبا انسانی انگلی کا ٹکڑا تھا۔

ڈالر کی قدر 83.55 روپے ہوگئی

ممبئی۔ 13 جون (ایجنسیز) ہندوستان کے زرمبادلہ کے بین بینکی بازاروں میں جمعرات کو 7 پیسے گراوٹ کے ساتھ ڈالر کے مقابل روپے کی قدر 83.55 روپے ہوگئی۔ بازار کی کشادگی کے وقت ڈالر کی قدر 83.52 روپے تھی۔ تاہم بازار بند ہونے تک یہ قدر 83.55 روپے پر مستحکم ہوگئی۔

یوپی میں آؤٹ سورسنگ کے ذریعے پولیس بھرتی کا معاملہ

اکھلیش یادو کا بی جے پی حکومت پر سخت تنقید۔ پولیس سسٹم کے تئیں لاپرواہی کا الزام

لکھنؤ (ایجنسیز) اتر پردیش کے محکمہ پولیس میں آؤٹ سورسنگ کے ذریعے بھرتی کا ایک حکومتی مکتوب سامنے آیا ہے۔ اس پر سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے اتر پردیش کی بی جے پی سرکار پر سخت حملہ کرتے ہوئے نوجوانوں کے مسائل کو اٹھایا ہے۔ اسی کے ساتھ انہوں نے ریاست کی بی جے پی حکومت پر پولیس سسٹم کے تئیں لاپروائی کا نظریہ اپنانے کا بھی الزام عائد کیا ہے۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر ایک پوسٹ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اتر پردیش کی بی جے پی حکومت نے ’پولیس سسٹم‘ کے تئیں لاپروائی کا رویہ اختیار کیا ہے جس کی وجہ سے مجرموں کے حوصلے بلند ہیں۔ یکے بعد دیگرے قائم مقام ڈی جی پیز کے بعد اب کچھ ’پولیس خدمات کی آؤٹ سورسنگ‘ پر غور کیا جا رہا ہے۔ اگر کنٹریکٹ کی پولیس ہوگی تو نہ ہی اس کی کوئی جوابدہی ہوگی اور نہ ہی خفیہ اور حساس معلومات کو باہر جانے سے روکا جا سکے گا۔ بی جے پی حکومت جواب دے کہ جب پولیس کا اپنا ریکروٹمنٹ بورڈ ہے تو پھر حکومت راست و مستقل تقرری سے کیوں بھاگ رہی ہے؟ اکھلیش یادو نے کہا ہے کہ پولیس سروس میں شامل ہونے کے خواہشمند نوجوانوں کو خدشہ ہے کہ اس کے پیچھے آؤٹ سورسنگ کا ذریعہ بننے والی کمپنیوں سے ’کام کے بدلے پیسہ‘ لینے کی اسکیم ہوسکتی ہے کیونکہ حکومتی محکمہ سے تو اس طرح پچھلے دروازے سے ’پیسہ وصولی‘ ممکن نہیں ہے۔ اپنے الزام کی بنیاد کے طور پر انہوں نے کورونا ویکسین بنانے والی ایک پرائیویٹ کمپنی کی مثال دی ہے جس سے بی جے پی نے قواعد کے خلاف، ویکسین بنانے والی سرکاری کمپنی ہونے کے باوجود، ویکسین بنانے کا ٹھیکہ دیا اور اس سے چندہ لیا۔ سماجوادی پارٹی کے سربراہ نے کہا ہے کہ پولیس سروس میں بھرتی کے لیے آؤٹ سورسنگ کی خبروں نے نوجوانوں کی ناراضگی اور مایوسی میں مزید اضافہ کیا ہے جو پولیس بھرتی امتحان کے پیپر لیک ہونے پر پہلے سے ناراض اور مایوس ہیں۔ آؤٹ سورسنگ کے اس منصوبے کو فوری طور پر ختم کیا جانا چاہئے اور اتر پردیش کے نوجوانوں کو باقاعدہ، منصفانہ اور شفاف طریقے سے براہ راست بھرتی کے عمل کے ذریعے نوکریاں دی جانی چاہئیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اگر ایسا ہی چلتا رہا تو بی جے پی کسی دن خود ’حکومت‘ کو ہی آؤٹ سورس کر سکتی ہے۔

غیرارادتاً قتل کے 3 مجرمین کو 10 سال کی قید بامشقت

پرتاپ گڑھ، 13/جون (ایجنسیز) اتر پردیش میں پرتاپ گڑھ ضلع کی ایڈیشنل سیشن جج (فاسٹ ٹریک کورٹ) سنیتا سنگھ ناگور کی عدالت نے غیرارادتاً قتل کے مقدمہ کی سماعت کرتے ہوئے شواہد کی بنیاد پر خاطی ثابت شوہر بیوی سمیت تین مجرمین کو دس سال قید بامشقت و جرمانہ کی سزا سنائی۔ اے ڈی جی سی رویندر بہادر سنگھ نے جمعرات کو بتایا کہ مدعی مقدمہ راج کماری ساکن گیاس پور تھانہ کوتوالی کنڈہ نے تھانہ کوتوالی کنڈہ پولیس کو دی گئی شکایت میں الزام عائد کیا کہ 28 جولائی 2008 کی علی الصباح اس کا 6 سالہ بیٹا اپنے پرانے گھر کے برآمدے میں رفع حاجت سے فارغ ہو رہا تھا تو جس پر پڑوسی جھومک لال و اس کی بیٹی ممتا اور بابو لال کی اہلیہ جھنکی نے اعتراض کیا، اس نے صاف کرنے کی یقین دہانی کرائی اور گھر سے متصل ہینڈ پمپ پر برتن دھونے گئی، تو وہاں سے کہا سنی ہونے لگی تو شور غل پر اس کا شوہر برج لال بھی آ گیا۔

یدی یورپا کے خلاف ناقابل ضمانت وارنٹ جاری

بنگلور۔ 13 جون (ایجنسیز) کرناٹک کے سابق چیف منسٹر و بی جے پی کے سینئر قائد بی ایس یدی یورپا کے خلاف بنگلورو کے ایک عدالت نے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کیا ہے۔ یہ وارنٹ گرفتاری یدی یورپا کے خلاف ایک کمسن لڑکی کو کے جنسی استحصال کا شکار بنانے کے الزامات کے تحت جاری کیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں یدی یورپا کو سی آئی ڈی (کریمنل انویسٹی گیشن ڈپارٹمنٹ) کی جانب سے پوچھ گچھ کے لیے طلب کئے جانے اور غیر ضمانتی وارنٹ کے مطالبے کیے جانے کی وجہ سے جنسی جرائم سے بچوں کے تحفظ کے ایکٹ (پوکسو) کے تحت درج مقدمہ میں یدیورپا کو گرفتار کیے جانے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ اس دوران یدی یورپا نے کیس کو منسوخ کرنے کے لیے کرناٹک ہائی کورٹ سے رجوع کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پوری تحقیقات کے دوران حکام کے ساتھ مسلسل تعاون کیا ہے۔ یدی یورپا کے قریبی ذرائع نے بتایا بی جے پی کے معمر قائد جو پارٹی کے پارلیمانی بورڈ کے رکن بھی ہیں، اس وقت دہلی میں ہیں، اور امکان ہے کہ وہ واپس آنے کے بعد تحقیقات میں شامل ہوں گے۔ پولیس کے مطابق، یدی یورپا کے خلاف 17 سالہ لڑکی کی ماں کی شکایت کی بنیاد پر قانون پی او سی ایس او، (پوکسو) اور تعزیرات ہند کی دفعہ 354 اے (جنسی ہراسانی) کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے شکایت کنندہ نے الزام لگایا تھا کہ یدی یورپا نے اس کی بیٹی کو جاریہ سال 2 فروری کو ڈالرز کالونی میں اپنی رہائش گاہ پر جنسی ہراسانی کا شکار بنایا ہے۔ 14 مارچ کو سداشیو نگر پولیس کی جانب سے کیس درج کرنے کے چند گھنٹے بعد، کرناٹک کے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس آلوک موہن نے فوری اثر سے مزید تحقیقات کے لیے اسے سی آئی ڈی کو منتقل کرنے کا حکم جاری کیا۔ 54 سالہ خاتون، جس نے یدیورپا کے خلاف الزام لگایا تھا، پھیپھڑوں کے کینسر کی وجہ سے گزشتہ ماہ یہاں کے ایک خانگی دواخانہ میں فوت ہوگئیں۔ 81 سالہ یدیورپا نے اس الزام سے انکار کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ قانونی طور پر مقدمہ لڑیں گے۔

امریکی سفارت خانہ نے ہندوستانی طلباء کے ویزوں کی بڑھتی ہوئی طلب کو پورا کیا

نئی دہلی 13 جون (ایجنسیز) امریکی سفارت خانے میں قونصلر ٹیم انڈیا نے اپنے 8 ویں سالانہ اسٹوڈنٹ ویزا ڈے کے دوران 3900 اسٹوڈنٹ ویزا درخواست دہندگان کا انٹرویو کیا۔ سفارت خانے نے کہا کہ مشن انڈیا نے انڈیا اسٹوڈنٹ ویزا ڈے کے موقع پر ایک شاندار تقریب کی میزبانی کر کے ریاستہائے متحدہ میں اعلیٰ تعلیم اور ریاستہائے متحدہ اور ہندوستان کے درمیان بڑھتے ہوئے تعلیمی تعلقات کے تئیں ہماری مضبوط وابستگی کو اجاگر کیا‘ جہاں مشن کے ارکان اور ایجوکیشن یو ایس اے کے ساتھی درخواست دہندگان کے ساتھ بات چیت کی۔ درخواست دہندگان کو امریکہ میں مطالعہ کے بارے میں اطلاعات کا اشتراک کرنے کے لئے بات چیت کی جاتی ہے۔ امریکی سفیر ایرک گارسیٹی نے تمام ہندوستانی طلباء کے لیے اپنی نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے کہا امریکی تعلیمی ادارے میں ہر بین الاقوامی طالب علم ایک زبردست کامیابی کی نمائندگی کرتا ہے۔ ان کے برسوں کا مطالعہ اور محنت تعلیمی فضیلت کی تیاری میں گزری ہے۔ سب کی طرح پہلے جانئیں‘ آج کے ہندوستانی طلباء زبردست صلاحیت کی نمائندگی کرتے ہیں- آپ جو علم حاصل کریں گے‘ آپ جو نئی مہارتیں اور مواقع پیدا کریں گے اور آپ جو تعلقات استوار کریں گے وہ مل کر امریکہ‘ ہندوستان تعلقات کو آگے بڑھائیں گے۔

اننت ناگ میں دہشت گرد معاون کا دومنزلہ رہائشی مکان قرق: پولیس

سری نگر۔ 13 جون (ایجنسیز) جموں وکشمیر پولیس نے جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں ایک جنگجو معاون کے دومنزلہ رہائشی مکان کو منسلک کر دیا۔ جنگجو معاون کی شناخت ریاض احمد بٹ ولد غلام نبی بٹ ساکن لوہرسنزی گڈول کے طور پر کی گئی ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے کہا: دہشت گردانہ کارروائیوں کے خلاف کریک ڈاؤن کو جاری رکھتے ہوئے اننت ناگ پولیس نے ریاض احمد بٹ ولد غلام نبی بٹ ساکن لوہرسنزی گڈول نامی ایک دہشت گرد معاون کے دومنزلہ رہائشی مکان کو قرق کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ رہائشی مکان قرق کرنے کی یہ کارروائی صوبائی کمشنر کشمیر سے تصدیق حاصل ہونے کے بعد یواے پی اے 1967 کے تحت انجام دی گئی۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ اس مکان کے متعلق پولیس اسٹیشن کوکرناگ میں یواے پی اے کے متعلقہ دفعات کے تحت ایک ایف آئی آر نمبر 109/2023 درج ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کارروائی اننت اگ پولیس کے دہشت گردی سے نمٹنے اور ان کی سرگرمیوں کو ناکام بنانے کے عزم کا اعادہ کرتی ہے۔ بیان میں کہا گیا: حکام دہشت گردوں کے معاونین کے اثاثوں کو نشانہ بنا کر دہشت گرد کارروائیوں کو فنڈ اور سہولیات فراہم کرنے والوں کی صلاحیتوں کو کمزور کرنا چاہتے ہیں۔

محبت کی شادی سے ناراض لڑکی کے گھر والوں نے باپ بیٹے کو قتل کیا

الوار۔ 13 جون (ایجنسیز) راجستھان کے ضلع الور کے پہاڑی باس گاؤں میں محبت کی شادی سے ناراض لڑکی کے گھر والوں کے ذریعہ دولہا لڑکے کے والد اور بھائی کے قتل کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ مقتول کی بیوی جسونت نے واقعہ کے حوالے سے صدر تھانے میں مقدمہ درج کرایا ہے، جس میں اس نے بتایا کہ اس کے چھوٹے بیٹے شبھم نے ایک ماہ قبل محلے میں رہنے والی اسنیہا نامی لڑکی سے عدالت میں شادی کی تھی۔ اسنیہا کے گھر والے اس شادی سے ناراض تھے اور مسلسل اسنیہا اور اس کے بیٹے کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے تھے۔ اس معاملے میں رنجش کی وجہ سے کل رات تقریباً 12:30 بجے جب شبھم کے والد سورج اور شبھم کا بڑا بھائی رابن موٹر سائیکل پر گھر آ رہے تھے۔ راستے میں اسنیہا کے کنبہ کے افراد ستبیر‘ خالہ ششی‘ چچا پریم‘ اور دیگر متعدد لوگوں نے ان دونوں پر لاٹھیوں اور کلہاڑیوں سے حملہ کیا۔ جس میں باپ بیٹا شدید زخمی ہو گئے۔ دونوں زخمیوں کو اسپتال میں داخل کرایا گیا۔ علاج کے دوران دونوں کی موت ہوگئی۔ واقعے کے حوالے سے پولس میں ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ مقتول سورج پنجابی جاٹ (50) اور اس کا بیٹا رابن (27) پہاڑی باس کرولی کے رہنے والے ہیں۔ واقعہ کے بعد علاقے میں کشیدگی کا ماحول ہے۔ پولس معاملے کی چھان بین کر رہی ہے اور واقعہ سے متعلق معلومات جمع کر کے ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

اجیت پوار کی اہلیہ راجیہ سبھا کا الیکشن لڑیں گی: مانکر

پونے، 13/جون (ایجنسیز) مہاراشٹر کے نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کی اہلیہ سنیترا پوار کو راجیہ سبھا کا رکن بنایا جائے گا۔ پونے نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (اجیت دھڑے) کے صدر دیپک مانکر نے جمعرات کو یہاں یہ اطلاع دی۔ انہوں نے کہا کہ سنیترا تائی کو راجیہ سبھا بھیجا جائے گا۔ بدھ کی رات یہ فیصلہ کیا گیا کہ سنیترا پوار کا نام 25 جون کو ہونے والے راجیہ سبھا ضمنی انتخاب کے لیے نامزد کیا جائے گا۔ مسٹر اجیت پوار کی جانب سے ممبئی میں ان کی سرکاری رہائش گاہ پر پارٹی کے وزراء کے ساتھ بلائی گئی میٹنگ میں اسے حتمی شکل دی گئی، جس میں مسٹر مانکر نے بھی شرکت کی۔ مسٹر مانکر نے کہا کہ پارٹی کارکنوں نے انہیں راجیہ سبھا میں نامزد کرنے کا مطالبہ پہلے ہی اٹھایا تھا اور آخر کار اس پر اتفاق کیا گیا۔ قابل ذکر ہے کہ مسز پوار حال ہی میں ختم ہونے والے لوک سبھا انتخابات میں بارامتی سیٹ سے این سی پی (شرد پوار دھڑے) کی امیدوار سپریا سولے سے الیکشن ہار گئی تھیں۔ مسٹر مانکر نے کہا کہ این سی پی (اجیت) کے ورکنگ صدر پرفل پٹیل نے میٹنگ میں محترمہ پوار کا نام تجویز کیا اور وزراء سے اپنے خیالات کا اظہار کرنے کو کہا۔ وزیر زراعت دھننجے منڈے نے مسٹر پٹیل کی تجویز کی حمایت کی اور کہا کہ اس سے پارٹی کارکنوں کے حوصلے بلند ہوں گے۔

ریاسی حملہ 50 مشتبہ افراد گرفتار، سخت محاصرہ میں تلاشی مہم

جموں۔ 13 جون (ایجنسیز) جموں وکشمیر کے ریاسی ضلع میں 9 جون کو یاترا بس پر ہوئے حملے کے بعد پولیس نے ابتک 50 مشتبہ افراد کو دھر دبوچ کر سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا۔ معلوم ہوا ہے کہ تحقیقات کا دائرہ وسیع کرنے کے بعد پولیس نے حملہ آوروں کو تلاش کرنے کی خاطر ریاسی کے دورافتادہ علاقوں میں بھی ملی ٹنٹ مخالف آپریشن شروع کیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق جموں وکشمیر پولیس نے ریاسی بس حملے کے سلسلے میں 50 مشتبہ افراد کو حراست میں لے لیا ہے۔ پولیس ذرائع نے بتایا کہ 9 جون کی شام کو ریاسی کے کانڈا علاقے میں یاترا بس پر دہشت گردوں نے حملہ کیا جس سے بس گہری کھائی میں گری جس میں دس یاتری ہلاک 33 دیگر زخمی ہوئے تھے۔

شوبھندو ادھیکاری کو راج بھون جانے نہیں دیا گیا

کولکاتا (ایجنسیز) ریاست میں قائد حزب اختلاف شوبھندو ادھیکاری نے جمعرات کو راج بھون مہم میں انتخابات کے بعد ہوئے تشدد سے متاثرہ افراد کے ساتھ گورنر ہاؤس جا کر گورنر سے ملاقات کی کوشش کی مگر وہ راج بھون میں داخل نہیں ہو سکے۔ شوبھندو ادھیکاری نے دعویٰ کیا کہ پولیس نے انہیں روکا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ طویل انتظار کے بعد بھی وہ واپس جانے پر مجبور ہیں۔ بی جے پی لیڈر نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ جب ملک میں ایمرجنسی نافذ تھی تو بھی ایسا نہیں تھا۔ ممتا بنرجی کا فاشسٹ روپ بے نقاب ہوگیا ہے۔ وہ اور متاثرہ جمعہ کو ہائی کورٹ سے رجوع کرنے جا رہے ہیں۔ شوبھندو نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ راج بھون نے اس معاملے میں ریاست کے چیف سکریٹری، ہوم سکریٹری کی رپورٹ طلب کی ہے۔ جمعرات کو تقریباً 4 بجے شوبھندو ادھیکاری گورنر سی وی آنند بوس سے ملاقات کرنے والے تھے۔

دہلی میں شدید گرمی‘ لو سے عوام پریشان‘ اورنج الرٹ جاری

نئی دہلی۔ 13 جون (ایجنسیز) قومی راجدھانی دہلی اور اس کے آس پاس کے علاقوں کے باشندے چلچلاتی گرمی اور گرم لہر سے پریشان ہیں۔ محکمہ موسمیات نے دارالحکومت میں اورنج الرٹ جاری کر دیا ہے۔ دہلی کے علاوہ اتر پردیش‘ ہریانہ‘ راجستھان اور پنجاب میں بھی گرمی کی وجہ سے لوگوں کا برا حال ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 13 سے 19 جون تک دہلی والوں کو شدید گرمی اور گرم لہر کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ابھی بارش کا کوئی نام ونشان نہیں ہے۔ اگرچہ آج دہلی میں جزوی طور پر ابر آلود رہا‘ لیکن گرمی کی لہر بدستور جاری رہی اور 25 سے 35 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے گرم ہوائیں چلیں گی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آنے والے دنوں میں راجدھانی کے کئی حصوں میں گرم لہر کے ساتھ ساتھ مشرقی اتر پردیش کے جنوبی حصے میں کچھ مقامات پر شدید گرمی کی لہر پیدا ہوسکتی ہے۔ محکمہ نے کہا کہ جنوبی بہار‘ پنجاب‘ ہریانہ‘ جھارکھنڈ‘ چھتیس گڑھ اور شمال مشرقی مدھیہ پردیش میں بھی گرمی کی لہر برقرار رہے گی۔ دارالحکومت میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 45 اور کم سے کم 29 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق دہلی کے صفدر جنگ علاقے میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 44.7 اور کم سے کم درجہ حرارت 29.4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ دہلی میں سب سے زیادہ درجہ حرارت نجف گڑھ میں ریکارڈ کیا گیا جہاں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 47.7 اور کم سے کم درجہ حرارت 33.1 ڈگری سیلسیس تھا۔ اس کے علاوہ ظفر پور میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 46.3 ڈگری سیلسیس‘ آیا نگر میں 45.9‘ لودھی روڈ میں 46.1‘ نریلا میں 47.5‘ پالم میں 45.5 اور راج گھاٹ میں 44.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ مرکزی آلودگی اور کنٹرول بورڈ سی پی سی بی کے مطابق دارالحکومت دہلی میں آج صبح 7 بجے تک دہلی کی ہوا کے معیار کا اوسط انڈیکس 195 پوائنٹس ہے۔ دہلی-این سی آر شہروں میں فرید آباد 205‘ گروگرام 202‘ غازی آباد 198‘ گریٹر نوئیڈا 276 اور نوئیڈا 215 ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جہاں ایک طرف جنوبی ہندوستان کی ریاستوں میں موسلا دھار بارش سے لوگوں کو گرمی سے راحت ملی ہے وہیں دوسری جانب شمالی ہندوستان کی ریاستوں میں لوگ گرمی سے کافی پریشان ہیں۔ تاہم مہاراشٹر اور کیرالہ میں مانسون پہنچ چکا ہے اور دہلی کو انتظار کرنا پڑے گا۔



’ترقی و بہتر حکمرانی کے نئے معیارات قائم کرے گا اروناچل‘

لکھنؤ، 13/جون (ایجنسیز) وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اروناچل پردیش میں نو منتخب حکومت میں وزیراعلیٰ کا حلف لینے پر پیما کھانڈو کو مبارکباد دی ہیں۔ یوگی آدتیہ ناتھ نے اپنے آفیشیل ایکس ہینڈل پر پوسٹ کرتے ہوئے اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ اروناچل پردیش میں نئی حکومت خوشحالی، ترقی، بہتر حکمرانی اور مفاد عامہ کے نئے معیارات قائم کرے گی۔ انہوں نے اروناچل کے وزیراعلیٰ پیما کھانڈو اور نائب وزیراعلیٰ چونا مین کو عہدہ سنبھالنے کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی کامیاب رہنمائی میں دونوں لیڈروں کی میعاد کار کامیاب ہوگی اور ان کی قیادت میں اسٹیٹ خوشحال، ترقی اور بہتر حکمرانی اور مفاد عامہ کے نئے معیارات قائم کرے گا۔ یوگی نے دونوں لیڈروں کو اروناچل کے خوشحال مستقبل کیلئے مبارکباد پیش کی ہیں۔